# یوروگوئے کے وفد کی ملاقات

بعد ازاں پروگرام کے مطابق ملک 'یوروگوئے' سے آنے والے وفد نے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے ملاقات کی سعادت پائی۔

یوروگوئے سے آنے والے وفد میں دو ممبران پارلیمنٹ Mr Pablo Daniel اور Dr Gerardo Amarica صاحب شامل تھے۔ دونوں کا تعلق ملک کی نیشنل پارٹی سے ہے اور دونوں پیشہ کے لحاظ سے وکیل بھی ہیں۔ ڈاکٹر Gerado صاحب Chamber of Representation کے صدر بھی ہیں۔

☆ ان دونوں مہمانوں نے عرض کیا کہ ہم حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ ہمیں جلسہ میں شامل ہونے کا موقع فراہم کیا گیا۔ یہ ہمارے لئے بہت اچھا تجربہ تھا۔

انہوں نے بتایا کہ ان دونوں کا تعلق عیسائیت سے ہے۔ اس پر **حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ:** میں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ کون کس مذہب سے تعلق رکھتا ہے۔ سب سے پہلے تو انسانیت ہے اور انسانیت کے تحت ہم کہتے ہیں کہ سب کو اکٹھا اور مل جل کر رہنا چاہئے۔

**حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا** کہ یہاں عارضی انتظام تھا۔ جلسہ کے ایام میں بارش کی وجہ سے اگر آپ کو کوئی دقّت ہوئی ہو تو میں معذرت خواہ ہوں۔

اس پر مہمانوں نے عرض کیا کہ ہمیں کسی قسم کی کوئی دقّت نہیں ہوئی۔ ہم بہت خوش ہیں۔ تمام انتظامات بہت اچھے تھے اور ہمارا ہر طرح سے خیال رکھا گیا تھا۔ ہمارے لئے ہر قسم کی سہولت پیدا کی گئی اور ہر طرح سے عزت افزائی کی گئی۔

☆ ایک ممبر آف پارلیمنٹ نے عرض کیا کہ حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب بہت اعلیٰ تھا۔ ہم اس سے بہت متأثر ہوئے ہیں۔ ہم اپنی پارلیمنٹ میں کوشش کرتے ہیں کہ مذہبی آزادی کو promote کریں۔ ابھی ہم اپوزیشن میں ہیں۔ اگلی مرتبہ حکومت میں ہوں گے۔

اس پر حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہِ شفقت فرمایا کہ جب آپ حکومت میں آئیں گے تو ہم بھی کوشش کریں گے کہ آپ کے ملک میں آئیں۔

ایک ممبر آف پارلیمنٹ نے کہا کہ یہاں جلسہ پر آنے سے قبل ہمیں احمدیت بارہ میں زیادہ تعارف نہیں تھا اب پتہ لگ گیا ہے کہ آپ بڑے اچھے اور امن پسند لوگ ہیں۔

☆ ممبر آف پارلیمنٹ Pablo Daniel Abdala Shwarz نے اپنے تأثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا:

میرے لئے یہ بہت دل ہلا دینے والا جلسہ تھا جس میں آپ نے اپنے ایمان اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کا اظہار کیا۔ خاص طور پر امام جماعت احمدیہ کی تقریر سن کر مجھ پر واضح ہوگیا کہ اسلام اپنی اصل شکل میں صرف امن کا ہی پیغام دیتا ہے۔ میں جماعت احمدیہ کو تبلیغی مہمات اور خدمت خلق کرنے اور سینکڑوں مما لک میں پھیلنے پر مبارکباد دیتا ہوں۔

☆ دوسرے ممبر آف پارلیمنٹ Dr Gerardo Amarilla صاحب نے اپنے تأثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا :

جلسہ سالانہ میں شمولیت میرے لئے ایک بہت دلچسپ تجربہ تھا۔ اس جلسہ پر ہم نے اسلام کا ایک ایسا چہرہ دیکھا جسے اب تک ہم نظر انداز کر رہے تھے۔ یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ اسلام کا پیغام امن، رواداری، محبت کا ہے اور غیروں کے لئے بھی باوجود مذہبی اختلافات کے آپ کی مہمان نوازی اور پیار کی وجہ سے میں بہت مشکور ہوں۔

یوروگوئے کے وفد کی حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ ملاقات آٹھ بجکر پندرہ منٹ تک جاری رہی۔ آخر پر وفد کے تمام ممبران نے حضورانور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصاویر بنوانے کا شرف پایا۔